13710 ـ كنوينس (سفركا خرچه) الاؤنس كے حصول كے ليے آفس والوں كو دهوكه دينا

سوال

اگر ملازمت حاصل كرتے وقت ملازم كے حقوق ميں يه ركھا گيا ہو كه اسے اپنے ملك سے اہل و عيال كو ملازمت والى جگه پر لانے كا خرچ ادا كيا جائے گا، اس نےحقيقتا اپنے گھر والوں كو نہيں بلايا بلكه صرف كاغذات ميں تبديلى كر كے رقم حاصل كرلى ہو تو كيا يه رقم جائز ہے كه نہيں ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

شريعت مطہره ميں ايسا كام كرنا جائز نہيں؛ كيونكه يه كذب بيانى اور دهوكه سازى كے ذريعه كمائى كرنا ہے، اور جو مال اس طرح كمايا جائے وه حرام ہے، اس سے ركنا اور بچنا واجب ہے.

الله تعالى سب كو اس سے عافيت ميں ركھے.

والله اعلم .